سوال نمبر:۔ 771

منجانب:۔ جناب ہدایت الرحمان صاحب، رکن صوبائی اسمبلی، صوبہ خیبر پختونخوا۔

نمبر شمار	سوال	جواب
(الف)	کیا وزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ:۔ آیا یہ درست ہے کہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال چترال میں ڈائیلائسز کی مد میں ایک مریض کا خرچہ ماہوار 40 سے 50 ہزار روپے آتا ہے جو کہ غریب مریضوں کی دسترس سے باہر ہے؟	جی ہاں یہ درست ہے کہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال چترال میں بعض مریضوں کا ڈائلائسز کا خرچہ 40 سے 50 ہزار روپے آتا ہے۔ ایک مریض پر فی ڈائلائسز کا 5000 روپے خرچہ آتا ہے ڈائلائسز کے عمل کا تواتر مریض کی حالت پر منحصر ہے بعض ایسے مریض ہیں جن کو ڈائلائسز کا عمل ہفتے میں 2 یا 3 بار بھی کرنا پڑتا ہے اور کچھ ایسے مریض ہیں جن کو یہ عمل مہینے میں 2 یا تین بار کرنا پڑتا ہے۔ اور جن مریضوں کو زیادہ ڈائلائسز کی ضرورت ہوتی ہے ان کا خرچہ اوسطاً 40 سے 50 ہزار روپے آتا ہے۔
(ب)	اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو حکومت سے سلسلے میں کیا اقدامات اٹھا رہی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔	اس سلسلے میں عرض ہے کہ محکمہ صحت ائندہ مالی سال کے بجٹ میں ڈائلائسز سے متعلقہ ادویات MCC لسٹ میں شامل کی جائیں گی جسکی وجہ سے ہسپتال انتظامیہ ڈائلائسز کی ادویات کی خریدے گی جس سے مریضوں کا ڈائلائسز کا خرچہ کم کرایا جا سکے گا۔